والدین اور کیئررز
کیلئے ایک گائیڈ



# پیٹر برا میں ابتدائی مدد

آپ اور آپکے خاندان کو دستیاب مدد کو دیکھیں اور اس میں
یہ بتایا گیا ہے کہ آپ اس مدد کو کیسے حاصل کر سکتے ہیں۔



PETERBOROUGH CITY COUNCIL

# **ابتدائی مدد** کا سفر

## والدین اور کیئررز کیلئے ایک گائیڈ

### ابتدائی مدد کیا ہے؟

ابتدائی مدد، اس بات کی یقین دہانی کے بارے میں ہے کہ بچوں اور خاندانوں کوصحیح وقت پر انکو درکارمدد ملے، پیشہ ور ماہرین کو اکٹھا کیا جاتا ہے جوکہ آپکی بات سنیں گے اوروہ سب کیلئےچیزوں کو بہتر بنانے میں مدد کرنے میں پورے خاندان کے ساتھ مل جل کر کام کریں گے۔

### ابتدائی مدد کس کیلئے ہے؟

ابتدائی مدد خاندان کے تمام افراد، بچوں، نوجوان افراد اور بالغ افراد کیلئے ہے۔ یہ آپکی خواہش پر منحصر ہے کہ آپ اسے چاہتے ہیں یا کہ نہیں؟

### مجھے ابتدائی مدد کی کیوں ضرورت ہوگی؟

ہوسکتا ہے کہ آپ اپنے بچے کے بارے میں پریشان ہوں، یا پھر یہ ہوسکتا ہے کہ آپ یا آپکا خاندان ایسی تبدیلیوں یا مشکلات کا سامنا کر رہا ہو جن سے آپ نپٹ نہ سکتے ہوں۔ یہ جو کچھ بھی ہو، کئی ایسے طریقے ہیں جن کے ساتھ ،ابتدائی مدد آپکو اور آپکے خاندان کو حمایت فراہم کرسکتی ہے تاکہ چھوٹے مسائل بڑے مسائل میں تبدیل نہ ہوجائیں۔



## پہلا قدم : مدد حاصل کرنا

اگر آپ یہ محسوس کرتے ہیں کہ آپ یا آپکا خاندان کچھ حمایت دیئے جانے سے فائدہ اٹھا سکتا ہے تو آپ اپنی زندگی میں موجود کسی اعتبار والے فرد کے پاس ابتدائی مدد کے بارے میں مزید معلوم کرنے کیلئے جا سکتے ہیں ۔ یا، اگر کوئی شخص اس بارے میں پریشان ہے کہ آپکو کچھ مسائل کا سامنا ہے ، تو وہ آپکو پوچھ سکتے ہیں کہ کیا آپ ابتدائی مدد کے بارے میں بات کرنا چاہتے ہیں اور یہ کیسے آپکو فائدہ پہنچا سکتی ہے۔

**تعلیم**

**ہیلتھ وزیٹر**

**ہاؤسنگ سپورٹ ورکر**

## دوسرا قدم: آپکے ساتھ بات چیت کرنا

اگر آپ اس بات کا فیصلہ کرتے ہیں کہ آپکو ابتدائی مدد لینا ہے ، تو پیشہ ور ماہر آپکے ساتھ بات چیت کریگا لیکن سب سے اہم بات یہ ہے کہ وہ آپکی بات غور سے سنے گا، اور ان دشواریوں کو ڈھونڈے گا جس کا آپ اور آپکے خاندان کو سامنا ہے۔ آپ اپنے خاندان میں ہونے والی بہتر چیزوں اور کسی بھی خوبیوں کے بارے میں بھی بات کرسکتے ہیں جن پرآپکو فخر ہے اوروہاں سے کام آگے بڑھایا جاسکتا ہے۔

**رسمی بات چیت کیلئے**

## تیسرا قدم: مرضی

اگر آپ اس بات کا فیصلہ کر لیتے ہیں کہ آپکو مدد چاہیے ، پیشہ ور فرد جس کے ساتھ آپ نے بات چیت کی ہے، آپ سے یہ پوچھے گا کہ کیا وہ یہ گفتگو دوسروں کو بتا سکتا ہے۔ آپکو اس پر خوش ہونا ہوگا اور اپنی اجازت دینا ہوگی۔

اس کا مقصد اس بات کی یقین دہانی کرنا ہے کہ وہ لوگ جوکہ آپکو سپورٹ کریں گے اچھا کام کرنے کے قابل ہوسکے اور اس بات کو اچھی طرح سے سمجھ لیں کہ آپ اور آپکا خاندان کس سفر سے گزر کر یہاں تک پہنچے ہیں۔

**تحریری اجازت**

## چوتھا قدم: ابتدائی مدد کی اسسمنٹ

پیشہ ور ماہر آپ سے یہ پوچھے گا کہ آپکو کونسی اضافی مدد کی ضرورت ہے اور یہ مشورہ دیگا کہ آپکو کیا دستیاب ہے۔ یہ ابتدائی مدد کی اسسمنٹ کہلاتی ہے۔

اس کیلئے پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے، یہ آپکی پوری فیملی کے ساتھ محض ایک بات چیت ہے جس میں آپکا بچہ یا بچے بھی شامل ہونگے وہ یہ بتائیں گے کہ وہ کیا محسوس کرتے ہیں اور ہم اکٹھے مل جل کر چھوٹے مسائل کو بڑے مسائل میں تبدیل ہونے سے کس طرح سے روک سکتےہیں۔

اکٹھے مل کر آپ اس بات سے اتفاق کریں گے کہ کیا کچھ لکھا جائے تاکہ اس بات کا ریکارڈ موجود ہو کہ ہم نے کس بارے میں بات چیت کی ہے۔

**بات کرنے کیلئے**

**ایک ریکارڈ بنانا**

## پانچواں قدم: آپکے خاندان کیلئے ایکشن پلان

اگلا قدم جس میں آپ شامل ہونگے وہ آپکے خاندان کیلئے ایکشن پلان کی تیاری ہے جوکہ اس پیشہ ور ماہر کے ساتھ مل کر بنایا جائیگا جس کے ساتھ آپ نے اپنے مسائل کے بارے میں بات چیت کی ہے اور وہ آپکی کامیابیوں کا تعین کریگا۔ آپ دوسرے ایسے لوگوں کے ساتھ بھی بات چیت کرنے کے قابل ہونگے جوکہ آپکی مدد کرسکتےہیں اور بہت سی مختلف سپورٹ فراہم کر سکتے ہیں ۔ ایسی صورت میں آپکوایسے مختلف افراد کے ساتھ ایک میٹنگ پر بلوایا جائیگا جوکہ مختلف قسم کی خدمات آپکی فیملی کو پیش کرکے آپکی مدد کر سکتے ہیں۔

اسے ٹیم اراؤنڈ دی چائلڈ (ٹی اے سی) کہتے ہیں۔

**ایکشن پلان**

## چھٹا قدم: دی ریوئیو

اس وقت تمام افراد واپس اکٹھے ہونگے اور اور یہ دیکھیں گے کہ فیملی ایکشن پلان کتنا بہتر کام کر رہا ہے اور کیا کسی چیز کو تبدیل کرنے کی ضرورت ہے۔

اس مرحلہ میں یہ فیصلہ کیا جاسکتا ہے کہ چیزیں اب اتنی بہتر ہو گئی ہیں کہ ابتدائی مدد کو روک دیا جائے۔ یا پھر اگر کچھ چیزیں آپکی فیملی کی ضروریات کے مطابق موجود نہیں ہیں توآپ اور آپکی فیملی کو سپورٹ دینے کیلئے ابتدائی مدد کو جاری رکھا جائیگا اور ایک مزید ریوئیو کی تاریخ دی جائیگی۔

**آپکا ذاتی ریوئیو**

**آپ سب کو سپورٹ دینا**

## ٹیم اراؤنڈ دی چائلڈ (ٹی اے سی) کے کیا فائدے ہیں؟

کئی خاندان اس بات کو اکثر رپورٹ کرتے ہیں کہ انہیں کئی پیشہ ور ماہرین کے ساتھ بات کرنا پڑتی ہے اور اپنی صورتحال کے بارے میں بار بار ایک ہی معلومات دیتے ہیں، یا پھر ایسا لگتا ہے کہ اس معاملہ کیلئے موجود تمام پیشہ ور ماہرین ایک دوسرے کے ساتھ بات چیت نہیں کرتے ہیں۔ کیونکہ پیشہ ور ماہرین کی ایک ٹیم آپکی فیملی کےساتھ مل جل کر کام کریگی اس لئے وہ آپکی اجازت کے ساتھ اس بات کی یقین دہانی کریں گے کہ آپکو اپنی ضرورت کو پورا کرنے کیلئے موزوں ترین مدد مل رہی ہے۔

## راز داری

جیسا کہ یہ اصول ہے، معلومات جو کہ آپ اور آپکا بچہ دیتا ہے، کو آپکی فیملی کی مرضی کے مطابق دوسرے افراد کو بتایاجائیگا۔
تاہم بعض اوقات آپکے ساتھ کام کرنے والے افراد کو معلومات کے اشتراک کی ضرورت پڑیگی۔

## مثال کے طور پر:

جب انہیں فوری طور پر یہ معلوم کرنا پڑیگا کہ ایک بچے کو تکلیف پہنچنے کا خطرہ تو نہیں ہے۔

ایک ایسے بچے کی مدد کرنا جس کو تکلیف پہنچنے کا خطرہ ہے۔

جب ایک بالغ فرد کو تکلیف پہنچنے کا خطرہ ہے یا اسے کسی شدید جرم سے محفوظ بنانے کیلئے مدد فراہم کرنا پڑیگا۔

## میں اس کے بعد کیا کر سکتا ہوں؟

اگر آپ ابتدائی مدد کے بارے میں معلوم کرنا چاہتے ہیں تو اس پیشہ ور ماہر سے بات کریں جوکہ آپ یا آپکی فیملی کے ساتھ رابطہ میں ہے ، یا کوئی ایسا فرد جس پر آپکو اعتماد ہے، جہاں سے آپ نے اس معلوماتی فارم کو حاصل کیا تھا ۔



PETERBOROUGH
CITY COUNCIL

# پیٹر برا میں ابتدائی مدد

اس کے بارے میں مزید معلومات کیلئے:
www.peterborough.gov.uk/EarlyHelp پر جائیں یا پھرای میل کریں earlyhelp@peterborough.gov.uk
یا پھر سرچ انجن میں پیٹر برا ابتدائی مدد لکھ کر تلاش کریں